## سوال

قرآن کی مروجہ قرآت

## جواب

قراءات سبعہ وعشرہ کے نام السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ قرآن مجید کا نزول جن سات حروف پر ہوا وہ کون کون سے ہیں ۔ ؟ سات متواتر قرآت اور تین مشہور قراءات کون کون سی ہیں ۔ ؟ حجاز مقدس میں کون سی قراءت مستعمل ہے ۔ ؟ قرآن کی تحریر کون سے حروف پر ہے ، قریشی یا کوفی ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد ! 1 ۔ قرآن مجید کا نزول جن سات حروف پر ہوا ہے ان کی تعیین میں اہل کا اختلاف پایا جاتا ہے اور تقریبا اس میں چالیس کے قریب اقوال پائے جاتے ہیں ۔ جن میں سے زیادہ مشہور قول دو ہیں کہ سات حروف سے مراد سات لغات یا سات وجوہ قراءات ہیں ۔ 2 ۔ سات متواتر قراءات یہ ہیں ۔ قراءت امام نافع قراءت امام مکی قراءت امام بصری قراءت امام شامی قراءت امام عاصم قراءت امام حمزہ اور قراءت امام کسائی اور تین مشہور قراءات یہ ہیں ۔ قراءت امام ابو جعفر قراءت امام یعقوب اور قراءت امام خلف العاشر 3 ۔ حجاز مقدس میں اس وقت امام عاصم کے شاگرد امام حفص کی روایت پڑھی جاتی ہے جو عالم اسلام کے ایک بڑے حصے میں پڑھی جا رہی ہے ۔ قرآن مجید کو لغت قریش پر لکھا گیا ہے ۔ باقی آپ نے جو خط کوفی کی بات کی ہے تو یہ بعد میں ایجاد ہوا تھا ۔ نوٹ : آپ کے یہ سوالات تفصیل کے متقاضی ہیں، ان کی تفصیلات جاننے کے لئے ہماری سائٹ پر موجود ماہنامہ رشد قراءات نمبرز کا مطالعہ فرمائیں ۔ جن کا لنک یہ ہے ۔ http://kitabosunnat.com/kutub-library/quran-aor-ulum-ul-quran/tajweed-wa-qiraat ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی